حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان

ضابطہ اخلاق برائے انتخابات سال 2021-2022

حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے تمام ووٹرز اور انتخابی امیدوار جو ایسوسی ایشن کے انتخابات 2021-2022 میں شرکت کر رہے ہیں براہ مہربانی انتخابات کے ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری کریں قانون کا احترام اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ آپ سب کا بھرپور تعاون ہوپ کی ترقی اور مضبوطی کا سبب بنے گا۔

1۔ ٹریڈ آرگنائزیشن کے قوانین اور ایسوسی ایشن کے میمورینڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے تحت اہل قرار پائے امیدوار اور حتمی ووٹرز لسٹ میں شامل اہل ووٹرز ہی انتخابات لڑنے کے اہل ہیں۔

2۔ تمام اہل انتخابی امیدوار پابند ہیں کہ فارم نامزدگی اور الیکشن کے ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری اور اس پر عمل کریں۔ انتخابات الیکشن شیڈول کے مطابق بروز ہفتہ 11 ستمبر 2021 کو صبح ساڑھے نو بجے تا شام ساڑھے چھ بجے تک ہوں گے۔ (آدھا گھنٹہ ظہر نماز اور کھانے کا وقفہ ایک بجے تا ڈیڑھ بجے ہوگا)

3۔ COVID19 کورونا وباء کو مدنظر رکھتے ہوئے پولنگ ایریا و مقام میں ووٹ ڈالنے کیلئے آنے والے تمام اہل ووٹرز حکومت کی COVID19 سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے جاری کردہ SOP پر مکمل عمل کریں گے اور الیکشن ایریا میں فیس ماسک اور سینی ٹائزر کا استعمال لازمی کریں گے اور سماجی فاصلہ بھی برقرار رکھیں گے۔ پولنگ ایریا میں بلا جواز بھیڑ لگانے کی ممانعت ہے جو حکومت کے SOP کی خلاف ورزی تصور ہوگی۔

4۔ پولنگ ایریا اور پولنگ بوتھ میں صرف اہل ووٹرز کو ہی داخلے کی اجازت ہوگی۔

5۔ الیکشن ایریا اور الیکشن بوتھ میں مکمل طور پر انتخابی تشہیر و سرگرمیوں کی ممانعت ہوگی۔

6۔ تمام اہل ووٹرز ووٹ کا اندارج کرانے کیلئے پولنگ ایریا میں اپنی باری کا انتظار کریں۔ ووٹرز کو پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر ووٹ کا اندارج کرایا جائے گا۔

7۔ صرف اہل ووٹرز اور امیدواران کے پولنگ ایجنٹس کو ہی پولنگ ایریا اور بوتھ تک رسائی دی جائے گی۔

8۔ ایسوسی ایشن کے عہدیداران و اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اور جنرل باڈی اراکین کی پولنگ ایریا میں رسائی الیکشن کمیشن کی اجازت سے مشروط ہے۔

9۔ اہل ووٹرز، ٹریڈ آرگنائزیشن کے قوانین کے مطابق اپنے ووٹ کے اندارج کیلئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ، یا اصل پاسپورٹ یا کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس شناخت کیلئے ہمراہ لائیں گے اور پولنگ عملہ کو تصدیق کی خاطر دکھائیں گے جو پولنگ ایریا میں ووٹرز کی رہنمائی اور معاونت کیلئے موجود ہوگا۔ اہل ووٹرز پولنگ بوتھ میں الیکشن کمشنر اور پولنگ آفیسر کو بھی شناخت کروائیں گے۔

10۔ اہل ووٹرز پولنگ بوتھ میں ووٹ ڈالنے سے قبل پولنگ ایریا میں پولنگ اسٹاف سے انٹری سلپ حاصل کریں گے جس پر ان کے کوائف درج ہوں گے۔

11۔ اہل ووٹرز کو اپنا ووٹ خود ڈالنا ہوگا۔ نمائندے اور پوسٹل بیلٹ سے ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

12۔ پولنگ ایریا اور بوتھ میں تعینات اسٹاف ووٹرز کے کوائف حتمی ووٹرز کی فہرست میں چیک کر کے تصدیق کرے گا اور ووٹرز کو سلپ جاری کرے گا جس میں ووٹر کا سیریل نمبر، ممبر شپ نمبر اور دیگر کوائف درج ہوں گے جس کے حصول کے بعد ووٹر پولنگ بوتھ میں ووٹ ڈالنے کیلئے جائے گا جہاں پولنگ آفیسر اپنے پاس موجود ووٹرز کی حتمی فہرست اور سلپ کی جانچ کرے گا اور ووٹر کے دستخط بیلیٹ پیپر کی کاؤنٹر فائل پر کرائے گا۔ اس کے بعد الیکشن کمشنر بیلیٹ پیپر اپنے دستخط اور مہر لگانے کے بعد ووٹر کو ووٹ ڈالنے کیلئے دے گا۔

13۔ تمام بیلیٹ پیپرز کے کاؤنٹر فائلز پر نمبرز درج ہوں گے جس پر ووٹر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں الیکشن کمشنر اور پولنگ آفیسر کے روبرو دستخط کرے گا۔

14۔ پولنگ آفیسر ووٹر کو الیکشن کمشنر کا دستخط اور مہر شدہ بیلیٹ پیپر دے گا۔ الیکشن کمشنر کی مہر اور دستخط کے بغیر بیلیٹ پیپر گنتی میں شمار نہیں ہوگا۔

15۔ تمام اہل ووٹرز مطلوبہ مہر احتیاط کے ساتھ اپنے ووٹ ڈالنے کے لئے اپنے امیدوار کے نام کے سامنے اس طرح لگائیں کہ مہر خانے سے باہر نہ لگے۔ ووٹرز زیادہ سے زیادہ 3 امیدواروں کو ووٹ دے سکتا ہے۔ ووٹ درج کرنے والی مہر ایک امیدوار کے خانے سے دوسرے امیدوار کے خانے میں نہ لگے ورنہ ووٹ ضائع ہو جائے گا۔ بیلیٹ پر ٹیمپرنگ، مارکنگ اور تحریر سے بھی بیلیٹ پیپر مسترد ہو سکتا ہے۔

16۔ مطلوبہ تعداد سے زیادہ خانوں میں مہر لگانے کی صورت میں ووٹ مسترد تصور ہوگا۔

17۔ ایک مرتبہ جب ووٹر کو بیلیٹ پیپر جاری ہو جائے تو ووٹر کو ووٹ ڈالے بغیر پولنگ بوتھ چھوڑنے کی اجازت نہ ہوگی۔

18۔ ووٹ ڈالنے کے بعد ووٹر پولنگ بوتھ چھوڑ دے گا اور پولنگ ایریا سے باہر چلا جائے گا۔

19۔ موبائل فون کا استعمال، موبائل فون کا کیمرہ اور ڈیجیٹل کیمرہ کا استعمال پولنگ بوتھ اور پولنگ ایریا میں سختی سے ممنوع ہے۔ اگر کوئی ممبر اس کے استعمال کرتے ہوئے پایا گیا تو الیکشن کمیشن اسکے متعلق کاروائی کرے گا اور وہ حتمی تصور ہوگی۔

20۔ اسلحہ اور آتش گیر مادہ پولنگ ایریا اور ہال میں لانے کی سخت ممانعت ہے۔ ووٹرز کے سیکورٹی گارڈز و ملازمین کو بھی پولنگ ایریا میں داخلے پر پابندی ہے۔

21۔ امیدوان اور ان کے سپورٹرز کی طرف سے پولنگ ایریا و پولنگ بوتھ میں بینرز، پوسٹرز، لیفلیٹ کے استعمال اور تقسیم کی اجازت نہیں۔

22۔ پولنگ ایریا اور ہال میں مائیکروفون اور لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ممنوع ہے۔

23۔ امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹ ایسوسی ایشن کے ممبران میں سے نامزد کر سکتے ہیں۔ پولنگ ایجنٹس کیلئے امیدوار 2 نامزدگیاں جمع کروا سکتے ہیں مگر الیکشن میں صرف ایک ایجنٹ کو پولنگ ایریا میں داخلے کی اجازت دی جائے گی۔ پولنگ ایجنٹ کیلئے نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 ستمبر 2021 ہے۔ نامزد پولنگ ایجنٹ پولنگ کے روز پولنگ شروع ہونے سے کم از کم آدھا گھنٹہ پہلے الیکشن کمشنر کو رپورٹ کرے گا۔

24۔ اگر کسی امیدوار یا ووٹر کو پولنگ کے روز کوشکایت ہو تو تحریری طور پر الیکشن کمشنر کو درج کروائیں تا کہ اس کا ازالہ ہو۔ پولنگ مکمل ہونے کے بعد کسی بھی قسم کی کوئی شکایت الیکشن کمشنر وصول نہیں کرے گا۔ زبانی شکایات قابل قبول نہیں ہوگی۔

25۔ کسی بھی اہل ووٹر پر اعتراض کی صورت میں الیکشن کمشنر اعتراض پر فیصلہ موقع پر کرے گا۔ اگر اس وقت فیصلہ نہ ہو سکا تو اس پر بحث بعد میں ہوگی جس کا فیصلہ آنے تک قابل اعتراض ووٹ الیکشن کمشنر کے بعد سیل شدہ لفافے میں رکھا جائے گا جسے اعتراض دور ہونے کے بعد کھولا جائے گا۔

26۔ الیکشن 2022-2021 کی پولنگ ہفتہ 11 ستمبر 2021 کو خفیہ بیلیٹ کے ذریعے صبح ساڑھے نو بجے تا شام ساڑھے چھ بجے تک ہوگی۔ تاہم جو ووٹرز پولنگ ایریا میں 6:29pm تک داخل ہو جائیں گے انھیں ووٹ ڈالنے کا وقت دیا جائے گا۔ علاوہ ازیں ساڑھے چھ شام پولنگ ایریا اور ہال کے دروازے بند کر دیئے جائیں گے۔

27۔ پولنگ کے اختتام پر ووٹوں کی گنتی کے بعد الیکشن کمشنر Provisional Result کا اعلان کرے گا۔ امیدواران اور ووٹرز جو گنتی کے وقت موجود ہوں وہ الیکشن کمشنر کے گرد گھیرا نہ ڈالیں اور تحمل کے ساتھ نتائج سنیں۔ Provisional Result اعلان کے فوری بعد چیف الیکشن کمیشن کو اسلام آباد ارسال کیا جائے گا۔ بعد ازاں الیکشن کمشنر تمام انتخابی ریکارڈ سیل کر کے اسی دن ایسوسی ایشن کے سینٹرل آفس اسلام آباد میں چیف الیکشن کمیشن کو کوریئر کرے گا۔

28۔ اگر کوئی ممبر یا ووٹر اس ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پایا گیا تو الیکشن کمشنر کے آرڈر سے اسے الیکشن ایریا اور ہال سے بیدخل کر دیا جائے گا۔

29۔ تمام امیدوار، ان کے ووٹر اور سپورٹر پولنگ کے روز اپنے اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کریں اور پولنگ عملہ، پولنگ آفیسر اور الیکشن کمشنر کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور ان کے ساتھ کسی بھی قسم کی غیر ضروری بحث کریں اور نہ ہی کوئی الزام تراشی کریں۔ ایسی صورت میں کسی بھی قسم کی مداخلت کو الیکشن اور پولنگ میں مداخلت تصور کیا جائے گا اور قواعد وضوابط کے مطابق الیکشن کمشنر کاروائی کرے گا۔

30۔ الیکشن و پولنگ کے لئے حاصل کئے گئے ہال کے داخلی راستے پر انتظار گاہ بنائی جائے گی جہاں پر امیدوار اپنے ووٹرز اور سپورٹرز کا خیر مقدم کر سکتے ہیں تاہم پولنگ ایریا اور پولنگ بوتھ میں صرف اہل ووٹر کو ووٹ ڈالنے کیلئے داخلے کی اجازت ہوگی اور ووٹر ووٹ ڈالنے کے فوری بعد پولنگ بوتھ اور پولنگ ایریا کو چھوڑ کر انتظار گاہ چلا جائے گا۔

31 ۔الیکشن DGTO رولز اور آرٹیکل میمو ینڈم کے تحت منعقد ہونگے اور کسی بھی معاملہ میں ان سے راہنمائی حاصل کی جائیگی۔

32۔ تمام ممبران ووٹرز اور امیدوار الیکشن سے متعلق اس ضابطہ اخلاق کی مکمل پابندی اور پاسداری کے پابند ہونگے۔

تمام ووٹرز و امیدواران سے توقع کی جاتی ہے۔ کہ الیکشن کے دوران اخلاقیات کا دامن نہ چھوڑیں۔ ایسی گفتگو و بیانات سے اجتناب کریں جس سے کسی کی دل آزاری ہو۔ ہم سب ایک ہی ٹریڈ سے وابستہ ہیں۔ الیکشن ایک جمہوری عمل ہے لہذا اسکو پیار و محبت کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری مدد کریں۔

جاوید اختر

چیف الیکشن کمشنر

ہوپ الیکشن 2021-2022